سوال

کیا سیدنا بلال اذان فجر کہا کرتے تھے ؟

جواب

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بلال رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مؤذن تھے ، وہ فجر کی اذان بھی کہا کرتے تھے ۔

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے دو مؤذن تھے ، ایک حضرت بلال رضی اللہ عنہ اور دوسرے عمرو بن ام مکتوم رضی اللہ عنہ ، نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ابن ام مکتوم اس وقت اذان دیتے ہیں جب رات باقی ہوتی ہے اس لئے اس کے بعد تم کھا پی سکتے ہو ، یہاں تک کہ بلال اذان دے دیں ، تو ہاتھ اٹھا لیا کرو ، کیونکہ بلال اس وقت تک اذان نہیں دیتے جب تک صبح نہیں ہو جاتی ۔ (مسند أحمد : 25521) (صحیح)

واللہ أعلم بالصواب